بخدمت جناب چیف الیکشن کمیشن آف پاکستان

سخاوت علی ولد سراج الدین سکنہ گلی نمبر 3 شریف پورہ فیصل آباد، چیئر مین سٹی کونسل نمبر 73 فیصل آباد

(سائل/پٹیشنر)

بنام

1۔ چیف الیکشن کمیشن آف پاکستان بذریعہ سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

2۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان

(رسپانڈنٹس)

اعتراضات منجانب سائل/پٹیشنر بر تجویز کردہ حلقہ بندیاں ضلع فیصل آباد

بابت سال 2018ء الیکشن مجوزہ

جناب عالی! پٹیشنر حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

1۔ یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ پبلک نوٹس بذریعہ پریس ریلیز قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کی ابتدائی حلقہ بندیاں شائع کی ہیں۔ جن کے مطابق مجوزہ قومی اسمبلی وصوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کی ابتدائی رپورٹ شائع کی ہے۔ اور بمطابق پبلک نوٹس جناب نے الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 21 اور الیکشن رولز کے قاعدہ 11 کے تحت عوام الناس کو مطلع کیا گیا ہے کہ ابتدائی حلقہ بندیوں کے مطابق اعتراضات الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سیکرٹریٹ شاہراہ دستور، G-5-2 اسلام آباد میں جمع کروائیں۔ جن کے مطابق سائل/پٹیشنر الیکشن لسٹ 2017 میں چارج نمبر 149370602 سیریل نمبر 82 گھرانہ نمبر 16 شناختی کارڈ نمبر 33100-8684523-5 میں رجسٹرڈ ووٹر ہے۔ اور بلدیاتی الیکشن 2015 میں فیصل آباد سٹی کونسل نمبر 73 سے چیئر مین منتخب ہوا ہے۔ فوٹو کاپی لسٹ، ووٹر لسٹ لف پٹیشن ہذا ہے۔

2۔ یہ کہ آپ نے الیکشن منعقدہ 2018 کیلئے تجویز کردہ قومی وصوبائی اسمبلی کے حلقہ جات کی مجوزہ ابتدائی حلقہ بندیاں بذریعہ مارک شدہ نقشہ ہذا متعلقہ صوبائی الیکشن کمیشن سے حاصل کرنے پر پتہ چلا ہے کہ صوبائی اسمبلی کے

حلقہ PP-112 مختلف چارج پر مشتمل کیا گیا ہے۔ جس میں سائل کی تجاویز/اعتراضات درج ذیل ہیں۔

یہ کہ PP-112 سے چارج نمبر 25، 30 کو اگر نکال دیا جائے اور چارج نمبر 25 کو نکال کر حلقہ PP-115 میں شامل کر دیا جائے۔ اور اسی طرح چارج نمبر 30 کو PP-112 سے نکال کر صوبائی اسمبلی کے حلقہ PP-113 میں شامل کر دیا جائے تو دونوں حلقہ جات کی انتظامی لحاظ سے تقسیم اور عوام کی فلاح و بہبود میں بہتری آسکتی ہے۔

3 یہ کہ PP-113 میں سے چارج نمبر 34 نکال کر PP-107 میں ڈال دیا جائے تو دونوں حلقہ جات کی انتظامی لحاظ سے تقسیم اور عوام کی فلاح و بہبود میں بہتری آسکتی ہے۔ مزید برآں PP-107 صدر ایریا میں شامل ہے۔ اور قومی اسمبلی حلقہ NA-105 ڈسٹرکٹ کا حصہ ہے۔

4۔ یہ کہ PP-116 میں سے چارج نمبر 8، 68 کو نکال کر PP-117 میں ڈال دیا جائے تو دونوں حلقہ جات کی انتظامی لحاظ سے تقسیم اور عوام کی فلاح و بہبود میں بہتری آسکتی ہے۔

5۔ یہ کہ مذکورہ بالا تمام امورات کی روشنی میں اور جاری شدہ نقشہ الیکشن کمیشن آف پاکستان و ریونیو اتھارٹیز یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ کہ چونکہ آج کل یہ بات زبان زد عام ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اس طرح قومی و صوبائی اسمبلیوں کے حلقہ جات کی تقسیم کی ہے کہ ایک صوبائی اسمبلی کے حلقہ دو یا تین قومی اسمبلیوں کے حلقہ جات کیساتھ شامل کر کے جدید حلقہ بندیاں تجویز کی گئی ہیں۔ ان تمام افواہوں اور نقشہ جات مذکورہ بالا اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ پریس ریلیز کی شق نمبر 8 کی منشاء کو مدنظر رکھتے ہوئے سائل پٹیشنر نے روز ہائے کی محنت اور کاوش کی روشنی میں بڑی ایمانداری اور کھلے دل کیساتھ چارج ہائے کی تقسیم کو نقشہ تجویز شدہ قومی و صوبائی اسمبلی کو سامنے رکھتے ہوئے نیک نیتی کیساتھ مذکورہ بالا تجاویز/اعتراضات کو مرتب کیا ہے۔ اور آنجناب سے بھی امید رکھتے ہیں کہ سائل/پٹیشنر کی محنت کو رائیگاں نہ کیا جائے اور قانون و انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سائل/پٹیشنر کے مرتب کردہ اعتراضات/تجاویز کو لوگوں کی سہولت اور الیکشن میں افراتفری سے بچنے کیلئے اور الیکشن کمیشن کی ساکھ کو بحال رکھتے ہوئے سائل پٹیشنر کے اعتراضات کو تسلیم کیا جائے اور از سرنو مجوزہ شدہ ترامیم/اعتراضات کو منظور فرمایا جائے۔ نیز سائل نے اپنی تجاویز/اعتراضات میں مین ریلوے لائن، روڈ، انہار باؤنڈری، انتظامی بلاک ہائے کو بھی ملحوظ رکھا ہے۔

عرضے

سخاوت ولد سراج الدین سکنہ گلی نمبر 3 شریف پورہ فیصل آباد، چیئرمین سٹی کونسل نمبر 73 فیصل آباد

CH. RIAZ ASLAM
Advocate High Court
67-District Courts Faisalabad